www.understandquran.com

سبق-5 : صرف ایک اللہ کی عبادت

اس سبق کے اختتام پر آپ جان لیں گے کہ :

- عبادت کا مطلب کیا ہے؟
- عبادت کے لائق کون ہے؟
- ہمیں کس سے مدد مانگنی چاہیے اور کب کب مدد مانگنی چاہیے؟

تلاوت و تشریح : تجوید اور احساس کے ساتھ پڑھیے جیسا کہ حضرت محمد ﷺ پڑھا کرتے تھے!

اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَاِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ ⑤
صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور صرف تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں۔
ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔			

- **نَعْبُدُ :** عبادت یعنی اللہ کی اطاعت وفرمانبرداری کرنا۔
- اللہ نے ہم کو صرف اور صرف اسی کی عبادت کے لیے پیدا کیا۔ اگر ہم تمام کام صرف اللہ کو راضی کرنے کے لیے اور نبی ﷺ کے بتائے ہوئے طریقہ پر کریں تو ہمارے تمام کام عبادت بن سکتے ہیں۔
- **نَسْتَعِيْنُ :** ہمیں صرف اللہ ہی سے مدد مانگنی چاہیے۔ اگر اللہ ہی ہماری مدد نہ کرے تو کوئی اور ہماری مدد ہرگز نہیں کر سکتا ہے۔

عبادت کی مثالیں : پابندی سے وقت پر نماز پڑھنا، قرآن کی تلاوت کرنا، والدین اور بھائی بہنوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا، ہمیشہ سچ بولنا، دوسروں کی مدد کرنا، نرمی سے بات کرنا اور سب کو معاف کر دینا وغیرہ۔

حدیث : نبی ﷺ نے فرمایا: "دعا مؤمن کا ہتھیار ہے"۔ (حاکم)

غور وفکر- مطالعہ، تصوّر اور احساس :

- آپ کیسا محسوس کریں گے جب آپ اپنے ٹیچر سے کوئی سوال کریں اور وہ جواب دینے کے بجائے آپ کو نظر انداز کر دے؟
- اس خوشی کو محسوس کیجیے کہ اللہ آپ کی ہر دعا کو سنتا ہے اور جواب دیتا ہے۔
- اگر دو سے زیادہ لوگ ہم سے بات کر رہے ہوں تو ہم ان میں سے کسی ایک کو نہ برابر سن سکتے ہیں اور نہ ہی سمجھ سکتے ہیں۔ اب ذرا تصور کیجیے کہ ان گنت لوگ اللہ سے مدد مانگتے ہیں، ہر سکنڈ میں ملین اور بلین دعائیں اللہ تعالیٰ سے مانگی جاتی ہیں۔ اللہ کی محبت اور اس کی قدرت کتنی عظیم ہے کہ وہ ان سب دعاؤں کو سنتا ہے اور ہر ایک کی ضرورت کو پورا کرتا ہے۔

www.understnadquran.com

نصیحت لینا-دعا، احتساب اور پلان :

- میں اللہ سے دعا مانگوں گا کہ اللہ مجھے پابندی کے ساتھ وقت پر نمازیں ادا کرنے والا بنا دے۔
- میں اپنے روزانہ کے کام کاج کو بھی اچھی نیت کے ساتھ عبادت بنا سکتا ہوں جب کہ وہ کام اللہ کی رضا کے لیے ہو۔ مثال کے طور پر: ماں باپ کے کہنے پر اگر ہم بازار سے کچھ سامان لے آئیں تو یہ بھی ہمارے لیے ثواب کا کام ہوگا؛ اس لیے کہ ماں باپ کی فرماں برداری کرنا بھی نیکی ہی ہے۔

عادت :

1. ان شاء اللہ میں عبادت کو اپنے ہر کام سے پہلے ترجیح دوں گا اور ہمیشہ اللہ سے مانگنے کی عادت بناؤں گا۔
2. میں اپنے ہر کام میں ہمیشہ اللہ کو راضی کرنے کی نیت رکھوں گا۔
3. میں قرآن مجید کی اور رسول اللہ ﷺ کی سکھائی ہوئی دعاؤں کو یاد کروں گا۔

مشقی سوالات

1. عبادت کا مطلب کیا ہے؟
2. عبادت کے لائق کون ہے؟
3. ہمیں کس سے مدد مانگنی چاہیے اور کب مانگنی چاہیے؟